کنزالمداس کے عین نصاب کے مطابق "معروضی سوالات"



# آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاری سیرت




مدرس:

مولانا محمد کمال مدنی

جامعۃ المدینہ: فیضان کنزالایمان

| مدرس | معروضی سوالات (M.C.Q,s) | درجہ |
| --- | --- | --- |
| مولانا کمال مدنی | آخری نبی ﷺ کی پیاری سیرت | اولیٰ |

# سبق نمبر:1

(1) آپ ﷺ................کے مشہور خاندان قریش کی شاخ بنوہاشم سے تعلق رکھتے تھے۔

(الف)ہند (ب)عرب (ج)عجم (د)مدینہ

(2) آپ ﷺ عرب کے مشہور خاندان................سے تعلق رکھتے تھے۔

(الف)قریش (ب)بنوسعد (ج)بنو قلب (د)ان میں سے کوئی نہیں

(3) آپ ﷺ عرب کے مشہور خاندان قریش کی شاخ................سے تعلق رکھتے تھے۔

(الف)بنوسعد (ب)بنو قلب (ج)بنوہاشم (د)ان میں سے کوئی نہیں

(4) اللہ پاک نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے................کو عظمت والا بنایا۔

(الف)قریش (ب)کنانہ (ج)بنوہاشم (د)ان میں سے کوئی نہیں

(5) واقع اصحاب فیل کے................دن کے بعد نبی کریم ﷺ کی ولادت فرمائی۔

(الف)54 (ب)56 (ج)55 (د)53

(6) آپ ﷺ کی ولادت................میں ہوئی۔

(الف)مکہ (ب)مدینہ (ج)بغداد (د)ان میں سے کوئی نہیں

(7) عیسوی سال کے مطابق آپ ﷺ کی ولادت اپریل کی................تاریخ کو ہوئی۔

(الف)12 (ب)20 (ج)8 (د)ان میں سے کوئی نہیں

(8) ................ عیسوی سال کے مطابق آپ ﷺ کی ولادت ہوئی۔

(الف)571 (ب)591 (ج)671 (د)691

(9) آپ ﷺ کے دادا جان کے نام................ہے۔

(الف)عبد اللہ (ب)عبد المطلب (ج)ہاشم (د)ان میں سے کوئی نہیں

(10) آپ ﷺ کے والدِ محترم کا نام................ہے۔

(الف)عبد اللہ (ب)عبد المطلب (ج)ہاشم (د)ان میں سے کوئی نہیں

(11) آپ ﷺ کے والدہ محترمہ کا نام................ہے۔

(الف)مریم (ب)زینب (ج)آمنہ (د)کلثوم

(12) آپ ﷺ کے والدِ محترم کا وصال آپ ﷺ کی ولادت سے قبل................سال کی عمر میں ہوا۔

(الف)25 (ب)26 (ج)27 (د)28

(13) ................کو تمام جہان کی طرف نبی بنا کر بھیجا۔

(الف)حضرت موسیٰ علیہ السلام
(ب)حضرت عیسیٰ علیہ السلام
(ج)حضرت محمد ﷺ
(د)ان میں سے کوئی نہیں

(14) شہر مکہ کا رقبہ................کلو میٹر ہے۔

(الف)760مربع (ب)780مربع (ج)775مربع (د)791مربع

(15) شہر مکہ سطحِ سمندر سے................میٹر کی بلندی پر ہے۔

(الف)276 (ب)277 (ج)280 (د)281

(16) شہر مکہ درجہ حرارت عام طور پر................ سینٹی گریڈ رہتا ہے۔

(الف)40 (ب)30 (ج)60 (د)ان میں سے کوئی نہیں

(17) آپ ﷺ نے شہر مکہ میں ظاہری حیات کے تقریباً................سال گزارے۔

(الف)40 (ب)52 (ج)53 (د)63

(18) شہر "مکہ "کا پورا نام................ہے۔

(الف) مکۃ المکرمہ (ب)سعودیہ (ج)عربیہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

(19) کعبے کی تعمیر................ دو شخصیات نے کی۔

(الف)حضرت ابراہیم اور انکے بیٹے نے (ج)حضرت یعقوب اور ان کے بیٹے نے

(ب)حضرت اسماعیل اور انکے بیٹے نے (د)ان میں سے کوئی نہیں

(20) آپ ﷺ نے اپنی حیات طیبہ................سال میں گزارے۔

(الف)51 (ب)52 (ج)53 (د)ان میں سے کوئی نہیں

# سبق نمبر:2

(1) حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کا تعلق قبیلہ................سے تھا۔

(الف)بنو قریش (ب)بنو سعد (ج)بنو قلب (د)بنو ہاشم

(2) قبیلہ بنو سعد................کی ایک شاخ تھا۔

(الف)بنو اسرائیل (ب)بنو قلب (ج)بنو ہوازن (د)ان میں سے کوئی نہیں

(3) حضرت حلیمہ نے................ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلانے کی سعادت حاصل کی۔

(الف)8 سال تک (ب)2.5 سال تک (ج)1.5 سال تک (د)ان میں سے کوئی نہیں

(4) بعض روایات کے مطابق بی بی حلیمہ کے علاوہ................خواتین نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلایا۔

(الف)4 (ب)5 (ج)7 (د)6

(5) حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کے شوہر کا نام................ہے۔

(الف)حارث بن عبد العزٰی (ج)حارث بن زید

(ب)حارث بن ذیشان (د)حارث بن علی

(6) حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کے شہزادے کا نام................ہے۔

(الف)عبد اللہ (ب)عبید اللہ (ج)عبد المصطفی (د)عبد المناف

(7) جُدامہ بنتِ حارث................کے نام سے مشہور ہیں۔

(الف)انیسہ (ب)شیما (ج)نبیلہ (د)سلمٰی

(8) حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کی شہزادی................ہے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

(9) آپ ﷺ.................ماہ کی عمر میں گھٹنوں کے بل چلنے لگے۔

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)4

(10) آپ ﷺ.................ماہ کی عمر میں اٹھ کر کھڑے ہونے لگے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

(11) آپ ﷺ.................ماہ کی عمر میں دیوار کے ساتھ ہاتھ رکھ کر ہر طرف چلا کرتے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

(12) آپ ﷺ.................ماہ کی عمر میں کلام کرنے کی پوری قوت حاصل کر چکے تھے۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)7

(13) آپ ﷺ.................ماہ کی عمر میں یوں کلام فرماتے کہ بات اچھی طرح سمجھ میں آجاتی۔

(الف)7 (ب)8 (ج)9 (د)12

(14) آپ ﷺ.................ماہ کی عمر میں فصیح باتیں کرنا شروع فرمادیں۔

(الف)9 (ب)10 (ج)15 (د)17

(15) آپ ﷺ کی برکت سے بکریوں کا ایک دن کا دودھ.................دن کے لیے کافی ہو جاتا۔

(الف)20 (ب)40 (ج)60 (د)90

(16) آپ ﷺ نے تقریباً.................سال تک قبیلہ بنو سعد میں برکتیں لٹاتے رہے۔

(الف)3 (ب)2 (ج)4 (د)6

(17) آپ ﷺ بچپن میں................کام کیا کرتے تھے۔

(الف) بکریاں چراتیں　　(ج) کپڑے بناتے

(ب) تجارت کرتے　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

(18) آپ ﷺ................ماہ کی عمر میں پوری قوت حاصل کر چکے تھے۔

(الف) 3　　(ب) 4　　(ج) 5　　(د) 7

(19) حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کے گاؤں کا نام................ہے۔

(الف) شوخطہ　　(ب) سوخطہ　　(ج) ثوخطہ　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

(20) ................کو شُحطہ بھی کہتے ہے۔

(الف) شوخطہ　　(ب) سوخطہ　　(ج) ثوخطہ　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

(21) شقِ صدر کا معنی................ہے۔

(الف) کان کو چیرنا　　(ب) دل کو چیرنا　　(ج) سینے کو چیرنا　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

(22) حضرت بی بی حلیمہ آپ ﷺ کو لینے آپ ﷺ کے مکان پر پہنچیں تو آپ ﷺ نے ................رنگ کے کپڑے میں لپٹے تھے۔

(الف) سفید　　(ب) ہرا　　(ج) لال　　(د) نیلا

(23) حضرت بی بی حلیمہ کے صاحبزادے کا نام ................ تھا۔

(الف) عبد اللہ بن حارث　　(ج) سعد بن ابی وقاص

(ب) زید بن حارث　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

**(24)** آپ ﷺ نے ................ماہ کی عمر میں فصیح باتیں کرنا شروع فرمائیں۔

(الف)8 (ب)9 (ج)10 (د)ان میں سے کوئی نہیں

**(25)** آپ ﷺ کی زندگی میں ................بار شق صدر ہوا۔

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)4

# سبق نمبر:3

(1) ................سال کی عمر میں آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ آپ ﷺ کو والد کے ننھیال سے ملانے لے گئیں۔

(الف)5 (ب)6 (ج)7 (د)8

(26) شقِ صدر کا معنی................ہے۔

(الف)کان کو چیرنا (ب)دل کو چیرنا (ج)سینے کو چیرنا (د)ان میں سے کوئی نہیں

(2) بی بی................آپ ﷺ کے والد کی کنیز تھی۔

(الف)آمنہ (ب)مریم (ج)ام ایمن (د)ام زینب

(3) ................کے مقام پر آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ کا انتقال ہو گیا۔

(الف)ابواء (ب)بطحہ (ج)حدیبہ (د)یمین

(4) آپ ﷺ کی والدہ کی تدفین................کے مقام ہوئی۔

(الف)ابواء (ب)بطحہ (ج)حدیبہ (د)یمین

(5) ام ایمن آپ ﷺ کی والد محترم کی................ تھی۔

(الف)پڑوسی (ب)رشتے دار (ج)کنیز (د)ان میں سے کوئی نہیں

(6) جب آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ آپ ﷺ کو ان کے والد کے ننھیال لے کر جا رہی تھی تو ان کے ساتھ سفر پر ................ تھیں۔

(الف)ام کلثوم (ب)ام ایمن (ج)ام الخیر (د)ان میں سے کوئی نہیں

(7) والدین کی وفات کے بعد آپ ﷺ کی پرورش................نے کی۔

(الف)داداجان (ب)ناناجان (ج)دادی جان (د)نانی جان

(8) عبد المطلب................کے سردار تھے۔

(الف)مدینہ (ب)مکہ (ج)یمین (د)بغداد

(9) "ابواء" آج کل................کے نام سے مشہور ہے۔

(الف)وادیِ ابواء خریبہ (ج)وادی بلبل

(ب)وادی بطحہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

(10) جب آپ ﷺ کی عمر................سال ہوئی تو آپ کے داداجان عبد المطلب کا وصال ہو گیا۔

(الف)5 (ب)6 (ج)7 (د)8

(11) داداکے وصال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش آپ کے چاچا................کے یہاں ہوئی۔

(الف)ابوطالب (ب)حارث (ج)زبیر (د)غیداق

(12) ................سال کی عمر میں آپ ﷺ اپنے چچازبیر کے ساتھ یمن کے سفر پر نکلے۔

(الف)10 (ب)11 (ج)12 (د)14

(13) ................سال کی عمر میں آپ ﷺ نے پہلا تجارتی سفر کیا۔

(الف)12 (ب)6 (ج)8 (د)7

(14) آپ ﷺ نے پہلا تجارتی سفر................کی طرف فرمایا۔

(الف)ملک عرب (ب)ملک یمن (ج)ملک بغداد (د)ملک شام

(15) آپ ﷺ نے پہلا تجارتی سفر ................ کے ساتھ کیا۔

(الف)حمزہ (ب)حارث (ج)ابو لہب (د)ابو طالب

(16) شہر بُصری کے ایک راہب بحیرا جس کا اصل نام................ تھا۔

(الف)اعظم (ب)برجیس (ج)مسرت (د)یقظہ

(17) بے امنی کا جوف، مسافروں کی حفاظت، غریبوں کی امداد، ظالم کا محاسبہ اس معاہدہ کو ................ کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

(الف)حِلفُ الفضول (ب)فضل الفضول (ج)حِلفُ الفضل (د)ان میں سے کوئی نہیں

(18) ابو قبیس ایک................ ہے۔

(الف)وادی (ب)پہاڑ (ج)سمندر (د)ان میں سے کوئی نہیں

(19) حلف الفضول کا سبب بننے والے سب لوگوں کا نام................ تھا۔

(الف)فضل (ب)کریم (ج)رحیم (د)ان میں سے کوئی نہیں

(20) حلف الفضول ایک................ کا نام تھا۔

(الف)معاہدے (ب)غزوے (ج)سمندر (د)ان میں سے کوئی نہیں

# سبق نمبر:4،5

(1) خاص طور پر.................کا لقب "صادق و امین" ہے۔

(الف) آپ ﷺ (ب) جبریل امین (ج) حضرت علی (د) ان میں سے کوئی نہیں

(2) میسرہ.................کا غلام تھا۔

(الف) حضرت عائشہ (ب) حضرت آمنہ (ج) حضرت خدیجہ (د) حضرت حلیمہ

(3) حضرت خدیجہ کا تعلق قبیلہ قریش کی شاخ بنو اسد بن.................سے تھا۔

(الف) عبد العزیٰ (ب) عبد اللہ (ج) عبد الکریم (د) عبید اللہ

(4) حضرت صفیہ آپ ﷺ کی................. تھی۔

(الف) نانی جان (ب) دادی جان (ج) پھوپھی (د) خالہ

(5) حضرت خدیجہ کے بھائی کا نام.................ہے۔

(الف) عوام بن خویلد (ب) خویلد بن عوام (ج) الیاس بن عدنان (د) ان میں سے کوئی نہیں

(6) حضرت خدیجہ سے نکاح کے وقت آپ ﷺ کا حق مہر................. مقرر ہوا۔

(الف) 15 اونٹ (ب) 20 اونٹ (ج) 25 اونٹ (د) 5 اونٹ

(7) .................سے کعبہ شریف کی عمارت کو کافی نقصان پہنچا۔

(الف) تیز ہواؤں سے (ب) بارش کے پانی سے (ج) برف باری سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

(8) خانہ کعبہ میں بتوں کی تعداد................. تھی۔

(الف) 350 (ب) 355 (ج) 360 (د) ان میں سے کوئی نہیں

(9) حجرِ اسود ایک................ہے۔

(الف) درخت (ب) دروازہ (ج) چمڑے کا ٹکرا (د) پتھر

(10) حجرِ اسود................سے اُتارا گیا۔

(الف) غارِ ثور (ب) غارِ بقی (ج) غارِ حرا (د) ان میں سے کوئی نہیں

(11) "المدثر" کے معنی................ہے۔

(الف) کمبل اوڑھنے والا (ج) الف اور ب دونوں

(ب) بالاپوش اوڑھنے والا (د) ان میں سے کوئی نہیں

(12) "الرُجزَ" کے معنی................ہے۔

(الف) بتوں (ب) کپڑوں (ج) ڈرنے والا (د) ان میں سے کوئی نہیں

(13) ................کی خاصیت یہ ہے کہ اس کے اندر سے خانہ کعبہ کا نظارہ براہِ راست ممکن ہے۔

(الف) غارِ ثور (ب) غارِ حرا (ج) الف اور ب (د) ان میں سے کوئی نہیں

(14) عورتوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والی................ہیں۔

(الف) حضرت زینب (ب) حضرت کلثوم (ج) حضرت خدیجہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(15) آزاد مردوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے................ہیں۔

(الف) حضرت صدیق اکبر (ج) حضرت عثمان غنی

(ب) حضرت عمر فاروق (د) ان میں سے کوئی نہیں

(16) بچوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے...........ہیں۔

(الف)زید بن حارثہ (ب)علی بن ابو طالب (ج)بلال حبشی (د)ان میں سے کوئی نہیں

**(17)** آزاد کردہ غلاموں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے................ہیں۔

(الف)زید بن حارثہ (ب)علی بن ابو طالب (ج)بلال حبشی (د)ان میں سے کوئی نہیں

**(18)** غلاموں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے................ہیں۔

(الف)زید بن حارثہ (ب)علی بن ابو طالب (ج)بلال حبشی (د)ان میں سے کوئی نہیں

**(19)** "وانذِر عشیرتک الا الاقربین" یہ آیت................سال بعد نازل ہوئی۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

**(20)** بصریٰ................ملک کا مشہور شہر ہے۔

(الف)شام (ب)مصر (ج)عراق (د)سعودی عرب

**(21)** حضرت خدیجۃ الکبریٰ کا تعلق................واسطوں سے آپ ﷺ سے ملتا ہے۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)ان میں سے کوئی نہیں

**(22)** جب حرم کعبہ میں سیلابی پانی آیا تو اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک................سال تھی۔

(الف)35 (ب)40 (ج)25 (د)ان میں سے کوئی نہیں

**(23)** حجر اسود................نبی کے ساتھ جنت سے اتارا گیا۔

(الف)حضرت آدم (ب)حضرت ابراہیم (ج)حضرت جبرائیل (د)ان میں سے کوئی نہیں

**(24)** جب پہلی بار وحی نازل ہوئی تو آپ ﷺ کی عمر مبارک................سال تھی۔

(الف)40 (ب)42 (ج)43 (د)41

(25) پہلی وحی................مقام پر نازل ہوئی۔

(الف)غار حرا (ب)مسجد حرام (ج)آپ ﷺ کے مکان میں (د)ان میں سے کوئی نہیں

(26) غلاموں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے................ہیں۔

(الف)زید بن حارثہ (ب)علی بن ابو طالب (ج)بلال حبشی (د)ان میں سے کوئی نہیں

(27) فرشتوں کے سردار................فرشتے کو کہا جاتا ہے۔

(الف)حضرت جبرائیل (ج)حضرت میکائیل

(ب)حضرت عزرائیل (د)ان میں سے کوئی نہیں

(28) تبلیغ اسلام کے................مرحلے میں آپ ﷺ کے دار ارقم میں مسلمانوں کی تربیت فرمائی۔

(الف)پہلے (ب)دوسرے (ج)تیسرے (د)ان میں سے کوئی نہیں

# سبق نمبر:6

(1) ................نامی کافر آپ ﷺ کے گلے مبارک میں چادر کا پھندہ ڈال کر زور سے کھینچا۔

(الف)عقبہ (ب)خندہ (ج)یوسف (د)ان میں سے کوئی نہیں

(2) حضرت................رضی اللہ عنہ کو آگ کے انگاروں پر ان کو چت لٹایا گیا۔

(الف)بلال حبشی (ب)خباب (ج)ابو بکر صدیق (د)ان میں سے کوئی نہیں

(3) ................کو اتنا مارا گیا کہ ان کا چہرا خون سے بھر گیا۔

(الف)صدیق اکبر (ب)فاروق اعظم (ج)خباب (د)بلال حبشی

(4) حضرت عمار بن یاسر کی والدہ کا نام................ہے۔

(الف)حضرت خدیجہ (ب)حضرت سمیہ (ج)حضرت سلمیٰ (د)حضرت شیما

(5) ................وہ خاتون تھیں جنہوں نے سب سے پہلے اپنے خون کا نذرانہ پیش کیا۔

(الف)حضرت سمیہ (ب)حضرت مریم (ج)حضرت ہاجر (د)ان میں سے کوئی نہیں

(6) اسلام کی پہلی شہیدہ ہونے کا اعزاز................کو حاصل ہے۔

(الف)حضرت خویلد (ب)حضرت سمیہ (ج)حضرت ام سلمیٰ (د)حضرت عائشہ

(7) حضرت سمیہ کو................مار کر شہید کیا گیا۔

(الف) تلوار (ب)خنجر (ج)نیزہ (د)زہر دے کر

(8) نجاشی................دین پر تھا۔

(الف)یہودی (ب)بت پرست (ج)عیسائی (د)ان میں سے کوئی نہیں

(9) ہجرت اولیٰ اعلان نبوت کے................سال میں ہوئی۔

(الف)دوسرے (ب)چوتھے (ج)تیسرے (د)پانچویں

(10) ہجرت اولیٰ میں شریک ہونے والے مسلمانوں میں سے مردوں کی تعداد................ تھی۔

(الف)11 (ب)12 (ج)13 (د)15

(11) ہجرت اولیٰ میں شریک ہونے والے مسلمانوں میں سے عورتوں کی تعداد................ تھی۔

(الف)3 (ب)4 (ج)7 (د)9

(12) اسلام کی پہلی شہیدہ خاتون حضرت سمیہ کے بیٹے کا نام................ تھا۔

(الف)عمار بن یاسر (ج)عمار بن خزیمہ

(ب)عمار بن اویس (د)ان میں سے کوئی نہیں

(13) آپ ﷺ نے اپنے صحابیوں کو................کی طرف اجازت دی۔

(الف)شام (ب)حبشہ (ج)روم (د)ان میں سے کوئی نہیں

# سبق نمبر:7،8

(1) شعب ابی طالب کے محاصرہ کے معاہدے کو.................نے لکھا۔

(الف)عکرمہ بن مسعود (ج)علی بن طالب

(ب)منصور بن عکرمہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

(2) .................کے سوا تمام بنو ہاشم شعب ابی طالب کی گھاٹی میں محصور ہو گئے۔

(الف)ابو لہب (ب)ابو سلیمان (ج)ابو طالب (د)ان میں سے کوئی نہیں

(3) .................سال تک بنو ہاشم اس گھاٹی میں محصور ہو گئے۔

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)4

(4) اس گھاٹی میں غیر مسلمان بھی شریک تھے اپنے.................کی وجہ سے۔

(الف)پڑوسی (ب)خاندان (ج)دوست ہونے (د)ان میں سے کوئی نہیں

(5) معاہدے کی دستاویز کو.................کے اندر لٹکا دیا۔

(الف)کعبہ (ب)گھر (ج)مسجد (د)ان میں سے کچھ نہیں

(6) تین سال کا زمانہ اس قدر سخت تھا کہ بنو ہاشم.................کھاتے تھے۔

(الف)درختوں کے پتے (ج)الف اور ب دونوں

(ب)سوکھے چمڑے پکا پکا کر (د)ان میں سے کوئی نہیں

(7) اس معاہدے کو.................چاٹ گئی۔

(الف)دیمک (ب)چونٹی (ج)مکڑی (د)ان میں سے کچھ نہیں

(8) عام الحزن کا................ معنی ہے۔

(الف) غم کا ہفتہ (ب) غم (ج) غم کا سال (د) ان میں سے کچھ نہیں

(9) عام کا................ معنی ہے۔

(الف) غم (ب) خوشی (ج) غم کا سال (د) ان میں سے کچھ نہیں

(10) ابو طالب کی وفات کو ایک ہفتہ بھی نہیں گزرا تھا کہ................ کا انتقال ہو گیا۔

(الف) حضرت فاطمہ (ب) حضرت خدیجہ (ج) حضرت سمیہ (د) ان میں سے کچھ نہیں

(11) اعلان نبوت کے................ سال شعب ابی طالب کا محاصرہ ختم ہوا۔

(الف) 5 (ب) 8 (ج) 9 (د) 10

(12) اعلان نبوت کے................ کو عام الحزن قرار دیا گیا۔

(الف) دسویں (ب) چوتھے (ج) پانچویں (د) گیارہویں

(13) آپ ﷺ نے................ طائف کا سفر فرمایا۔

(الف) اونٹ پر (ب) گھوڑے پر (ج) پیدل (د) ان میں سے کچھ نہیں

(14) طائف کے سفر پر آپ ﷺ کے ساتھ................ تھے۔

(الف) زید بن حارثہ (ب) مولا علی (ج) صدیق اکبر (د) یہ تمام کی تمام ہستیاں

(15) طائف کے سفر پر آپ ﷺ نے................ سرداروں کو دعوت دی۔

(الف) 3 (ب) 13 (ج) 23 (د) 33

(16) عبد یالیل، مسعود اور حبیب آپس میں................تھے۔

(الف)دوست (ب)دشمن (ج)بھائی (د)پڑوسی

(17) طائف میں انگور لانے والا نصرانی غلام ................آپ ﷺ پر ایمان لے آیا۔

(الف)عبد یالیل (ب)عداس (ج)حبیب (د)مسعود

(18) طائف کے................ مشہور ہیں۔

(الف)انگور (ب)شہد (ج)الف اور ب (د)ان میں سے کوئی نہیں

(19) طائف میں آپ ﷺ نے................کے باغ میں پناہ لی۔

(الف)عتبہ بن ربیعہ (ج)حبیب بن مسعود

(ب)ربیعہ بن عتبہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

(20) **قُعَیقَعَان** نام................کا ہے۔

(الف)پتھر (ب)پہاڑ (ج)درخت (د)ان میں سے کوئی نہیں

(21) نصیبین کے جنوں نے................پر قرآن مجید کی تلاوت سن کر اسلام قبول کیا۔

(الف)مقامِ بدر (ب)مقامِ ابوقبیس (ج)مقامِ اوس (د)مقامِ نخلہ

(22) شہر مدینہ کا پہلے................نام تھا۔

(الف)یثرب (ب)خزرج (ج)اوس (د)**قرن الثعَالب**

(23) عربی میں................کو گھاٹی کہتے ہیں۔

(الف)**قعیقعان** (ب)عقبہ (ج)قبیس (د)اوس

(24) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ ................ کی دعوت پر اسلام لائے۔

(الف) عمیر بن معصب　　(ج) معصب بن عمیر

(ب) عمیر بن عمر　　(د) عمر بن خطاب

(25) اعلان نبوت کے ................ سال حج کے موقع پر منی شریف کی گھاٹی میں چھپ کر اسلام لانے والے افراد کی تعداد ................ تھی۔

(الف) 12،12　(ب) 11،22　(ج) 12،26　(د) 12،25

(26) بیعتِ عقبہ اولیٰ میں اسلام لانے والوں کی تعداد ................ تھی۔

(الف) 15　(ب) 12　(ج) 72　(د) 25

(27) بیعتِ عقبہ اولیٰ اعلان نبوت کے ................ سال بعد ہوئی۔

(الف) 12　(ب) 17　(ج) 13　(د) 11

(28) بیعتِ عقبہ ثانیہ اعلان نبوت کے ................ سال بعد ہوئی۔

(الف) 12　(ب) 13　(ج) 14　(د) 15

(29) بیعتِ عقبہ ثانیہ میں اسلام لانے والوں کی تعداد ................ تھی۔

(الف) 72　(ب) 82　(ج) 92　(د) 112

(30) مدینہ شریف کی جانب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے سب سے پہلے ................ نے ہجرت کی۔

(الف) حضرت ابو بکر صدیق　　(ج) حضرت معاذ بن جبل

(ب) حضرت ابو سلمہ　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

(31) ہجرت مصطفی کے واقعے کے وقت آپ ﷺ کے بستر پر سونے والے ................ تھے۔

(الف)حضرت ابو بکر صدیق (ج)حضرت مولا علی

(ب)حضرت عمر فاروق (د)ان میں سے کوئی نہیں

(32) آپ ﷺ نے غار ثور میں ................ دن قیام فرمایا۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

(33) آپ ﷺ نے غار ثور میں ................ راتیں قیام فرمایا۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

(34) غار ثور میں آپ ﷺ کے ساتھ ................ تھے۔

(الف)صدیق اکبر (ب)حضرت ابو سلمہ (ج)مولا علی (د)ان میں سے کوئی نہیں

(35) ہجرت کے وقت آپ ﷺ نے کفار پر مٹھی بھر خاک پھینکتے وقت ................ کی تلاوت فرمائی۔

(الف)سورہ یٰسں کی ابتدائی آیات (ج)سورہ مزمل

(ب)مکمل سورہ یٰسں (د)سورہ مدثر

(36) شعب ابی طالب ایک ................ کا نام ہے۔

(الف)گھاٹی (ب)وادی (ج)پہاڑی (د)ان میں سے کوئی نہیں

(37) کفار مکہ کو ................ تھی کہ وہ ظلم و ستم سے اسلامی تحریک ختم کر دیں گے۔

(الف)خوش قسمتی (ب)غلط فہمی (ج)خام خیالی (د)ان میں سے کوئی نہیں

(38) طائف شہر کا موسم ................ ہوتا ہے۔

(الف)گرم (ب)خوشگوار (ج)ٹھنڈا (د)ان میں سے کوئی نہیں

# سبق نمبر:9

(1) مکہ شریف سے مدینے کا فاصلہ عموماً................دن میں ہوتا تھا۔

(الف)3 (ب)9 (ج)12 (د)15

(2) آپ ﷺ کی سب سے پہلے میزبانی کا شرف حاصل کرنے والا قبیلہ................ہے۔

(الف)عمر بن عوف (ب)عمرو بن عوف (ج)کلثوم بن عوف (د)عوف بن عمرو

(3) قباء شریف میں آپ ﷺ نے................کے مکان پر قیام فرمایا۔

(الف)ابو ایوب انصاری (ج)کلثوم بن عوف

(ب)کلثوم بن انصاری (د)عوف بن عمرو

(4) مکہ شریف سے مدینے کا فاصلہ عموماً................دن میں ہوتا تھا۔

(الف)3 (ب)9 (ج)12 (د)15

(5) کلثوم بن ہدم کی ناکارہ زمین آج................کے نام سے مشہور ہے۔

(الف)مسجد قباء (ب)مسجد نبوی (ج)مسجد قبلتین (د)ان میں سے کوئی نہیں

(6) آپ ﷺ نے پہلا جمعہ قبیلہ................کی مسجد میں ادا فرمایا تھا۔

(الف)بنی عوف (ب)بنی سالم (ج)قریش (د)ان میں سے کوئی نہیں

(7) مسجد قباء میں نماز پڑھنا................کے برابر ہے۔

(الف)عمرے (ب)حج (ج)100 نمازوں (د)ان میں سے کوئی نہیں

(8) مدینہ شریف میں آپ ﷺ نے................کے گھر قیام فرمایا۔

(الف)ایوب انصاری (ب)حضرت مولا علی (ج)حضرت کلثوم بن ہدم (د)ان میں سے کوئی نہیں

(9) آپ ﷺ حضرت ایوب انصاری کے گھر................ماہ تک رہے۔

(الف)5 (ب)6 (ج)7 (د)8

(10) ................نے حضرت بلال کو اذان کے کلمات سکھائے۔

(الف)حضرت زید بن حارث (ج)حضرت عبد اللہ بن زید

(ب)حضرت ایوب انصاری (د)ان میں سے کوئی نہیں

(11) تحویل قبلہ................نماز میں ہوئی۔

(الف)فجر (ب)عشاء (ج)عصر (د)ظہر

(12) ہجرت کے بعد مدینہ میں آپ ﷺ حکم الٰہی سے................کو قبلہ بناتے۔

(الف)کعبہ شریف (ب)مسجد عائشہ (ج)بیت المقدس (د)ان میں سے کوئی نہیں

(13) بیت المقدس کو................مہینے تک قبلہ بنایا گیا۔

(الف)15،16 (ب)16،17 (ج)14،15 (د)17،18

(14) "سریہ"................ہے۔

(الف)تثنیہ (ب)جمع (ج)واحد (د)ان میں سے کوئی نہیں

(15) "غزوات"................ہے۔

(الف)تثنیہ (ب)جمع (ج)واحد (د)ان میں سے کوئی نہیں

(16) مسلمانوں کی کافروں کے ساتھ جو پہلی سب سے بڑی جنگ ہوئی اُسے................کہتے ہے۔

(الف)غزوہ بنو نضیر (ب)غزوہ بنو مصطلق (ج)غزوہ خندق (د)غزوہ بدر

(17) تحویل قبلہ کا واقعہ جہاں پیش آیا اس مسجد کو................کہتے ہے۔

(الف)مسجد قبلتین (ب)مسجد عائشہ (ج)مسجد نبوی (د)ان میں سے کوئی نہیں

(18) تحویل قبلہ سے................کو تکلیف ہوئی۔

(الف)مسلمانوں (ب)یہودیوں (ج)منافقین (د)ب اور ج

(19) جس لشکر میں آپ ﷺ نے بذات خود شرکت کی ہو اُسے................کہتے ہے۔

(الف)غزوہ (ب)سریہ (ج)گروہ (د)تینوں

(20) جنگ بدر میں مسلمانوں کی تعداد................ تھی۔

(الف)330 (ب)323 (ج)313 (د)ان میں سے کوئی نہیں

(21) جنگ بدر میں مسلمانوں کی تعداد 313 تھی جن میں................مہاجر تھے۔

(الف)50 (ب)55 (ج)58 (د)60

(22) جنگ بدر میں کفار کی تعداد................ تھی۔

(الف)1000 (ب)10,000 (ج)3000 (د)30,000

(23) جنگ بدر................تاریخ کو ہوئی۔

(الف)17 رمضان 2 ہجری (ج)15 رمضان 2 ہجری

(ب)17 رمضان 4 ہجری (د)17 رمضان 3 ہجری

(24) عیسوی تاریخ کے مطابق جنگ بدر................کو ہوئی۔

(الف)11 مارچ 624 عیسوی (ج)13 مارچ 624 عیسوی

(ب)12 مارچ 624 عیسوی (د)ان میں سے کوئی نہیں

(25) جنگ بدر..................دن ہوئی۔

(الف)بدھ (ب)جمعرات (ج)جمعہ (د)اتوار

(26) ابو جہل کو..................نے واصل جہنم کیا۔

(الف)حضرت معاذ (ب)حضرت معوذ (ج)الف اور ب (د)ان میں سے کوئی نہیں

(27) جنگ بدر میں قتل ہونے والے کفار کی تعداد.................. تھی۔

(الف)70 (ب)80 (ج)90 (د)120

(28) جنگ بدر میں قیدی ہونے والے کفار کی تعداد.................. تھی۔

(الف)25 (ب)55 (ج)65 (د)70

(29) جنگ بدر میں شہادت کا رتبہ پانے والے مسلمانوں کی تعداد.................. تھی۔

(الف)11 (ب)14 (ج)17 (د)19

(30) حضرت عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہ کا مزار مبارک..................کے مقام پر ہے۔

(الف)یمن (ب)میدان بدر (ج)صفرا (د)ان میں سے کوئی نہیں

(31) ابو جہل، عتبہ اور شیبہ کفار..................جنگ میں قتل ہوئے۔

(الف)غزوہ احد (ب)غزوہ بنو نظیر (ج)غزوہ خندق (د)ان میں سے کوئی نہیں

(32) غزوہ احد کا سبب..................میں شکست تھا۔

(الف)غزوہ بدر (ب)غزوہ بنو نظیر (ج)الف اور ب دونوں (د)ان میں سے کوئی نہیں

(33) غزوہ احد ہجرت نبوی کے..................سال ہوئی۔

(الف)دوسرے (ب)تیسرے (ج)چوتھے (د)ان میں سے کوئی نہیں

(34) غزوہ احد میں مسلمانوں کی تعداد................ تھی۔

(الف)700 (ب)1000 (ج)2000 (د)1400

(35) مشرکین نے................کو احد پہاڑ پر پڑاؤ ڈالا۔

(الف)14 شوال (ب)12 شوال (ج)15 شوال (د)ان میں سے کوئی نہیں

(36) غزوہ احد میں ایک درہ کی حفاظت کے لیے آپ ﷺ نے................ تیر اندازوں کا ایک دستہ مقرر فرمایا۔

(الف)40 (ب)50 (ج)60 (د)ان میں سے کوئی نہیں

(37) 50 تیر اندازوں کے گروہ کے سپہ سالار................تھے۔

(الف)خالد بن ولید (ب)عبد اللہ بن یمنی (ج)عبد اللہ بن جبیر (د)ان میں سے کوئی نہیں

(38) جنگ احد میں شکست................کو ہوئی۔

(الف)مسلمانوں (ب)کفار (ج)یہودیوں (د)عیسائیوں

(39) غزوہ احد میں شہید ہونے والے مسلمانوں کی تعداد................ تھی۔

(الف)60 (ب)65 (ج)70 (د)90

(40) غزوہ احد میں................کافر مارے گئے۔

(الف)25 (ب)30 (ج)300 (د)120

(41) "واقعہ رجیع" ہجرت کے................سال پیش آیا۔

(الف)دوسرے (ب)تیسرے (ج)چوتھے (د)پہلے

(42) "واقعہ رجیع" والے معاملے میں................ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھیجا گیا۔

(الف)10 (ب)8 (ج)2 (د)12

(43) "مقام رجیع" پر................ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو شہید کیا گیا۔

(الف)5 (ب)7 (ج)8 (د)9

(44) "واقعہ بئر معونہ"................ پیش آیا۔

(الف)ماہ صفر 4 ہجری (ج)ماہ صفر 6 ہجری

(ب)ماہ صفر 5 ہجری (د)ان میں سے کوئی نہیں

(45) عامر بن طفیل................ کا بھتیجا تھا۔

(الف)عامر بن ملک (ب)عامر بن مالک (ج)عاصم بن مالک (د)ان میں سے کوئی نہیں

(46) عامر بن طفیل نے................ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو شہید کروا دیا۔

(الف)60 (ب)65 (ج)69 (د)70

(47) بنو نضیر کے یہودی................ اونٹوں پر اپنا سامان لاد کر نکلے۔

(الف)60 (ب)600 (ج)150 (د)450

(48) غزوہ بنو مصطلق میں................ کافر قتل ہوئے۔

(الف)7 (ب)9 (ج)12 (د)10

(49) غزوہ بنو مصطلق میں................ مسلمانوں نے جام شہادت نوش کیا۔

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)4

(50) ................میں ام المؤمنین جویریہ بنت حارثہ قیدی ہو کر آپ ﷺ کے پاس آئی تھی۔

(الف)غزوہ خندق (ب)غزوہ بنو مصطلق (ج)غزوہ احد (د)غزوہ بنو نضیر

(51) ................میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکی بیان کی گئی۔

(الف)سورہ محمد (ب)سورہ نور (ج)سورہ آل عمران (د)سورہ یٰس

(52) سورہ نور کی آیت نمبر................میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکی بیان کی گئی۔

(الف)12 تا 21 (ب)11 تا 20 (ج)11 تا 21 (د)13 تا 21

(53) قبیلہ خُزاعہ کا ایک خاندان................ہے۔

(الف)بنو مصطلق (ب)بنو نضیر (ج)بنو امیہ (د)بئر معونہ

(54) خندق کا مشورہ................نے دیا۔

(الف)حضرت سلیمان (ب)حضرت سلمان (ج)حضرت علی (د)حضرت عمر

(55) غزوہ خندق کو................ بھی کہتے ہے۔

(الف)غزوہ احد (ب)غزوہ بدر (ج)غزوہ احزاب (د)غزوہ رجیع

(56) غزوہ خندق میں دشمنوں کی تعداد................ تھی۔

(الف)10 ہزار (ب)25 ہزار (ج)1 لاکھ (د)2 لاکھ

(57) خندق کی گہرائی................ تھی۔

(الف)5 میٹر (ب)10 میٹر (ج)15 میٹر (د)20 میٹر

(58) خندق کی لمبائی................ میٹر تھی۔

(الف)30 (ب)300 (ج)9 (د)3000

(59) خندق کی چوڑائی................ میٹر تھی۔

(الف)7 (ب)5 (ج)9 (د)300

(60) غزوہ خندق میں................ مسلمانوں نے جام شہادت نوش فرمایا۔

(الف)5 (ب)6 (ج)9 (د)11

(61) غزوہ بنی قریظہ کی سزا کا فیصلہ کرنے والے صحابی................ ہیں۔

(الف)سعد بن جبل (ب)سعد بن حنبل (ج)سعید بن معاذ (د)سعد بن معاذ

(62) صلح حدیبیہ کو قرآن پاک میں................ فرمایا گیا۔

(الف)فتح مبین (ب)فتح معین (ج)فتح عام (د)ان میں سے کوئی نہیں

| مدرس | سوالات(Question) | درجہ |
| --- | --- | --- |
| مولانا کمال مدنی | آخری نبی ﷺ کی پیاری سیرت | اولیٰ |

## سبق نمبر:1

(1) انسان کی پیدائش کا بنیادی مقصد کیا ہے، نیز اس مقصد کو یاد کرنے کے لیے اللہ پاک نے کیا اہتمام فرمایا؟

(2) آپ ﷺ کی پیدائش سے پہلے دنیا کی کیا حالت تھی؟

(3) آپ ﷺ کی ولادت کے ساتھ جو واقعات رونما ہوئے وہ ذکر کریں؟

(4) آپ ﷺ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

(5) آپ ﷺ کا خاندان سب سے اعلیٰ ہے اس کے متعلق فرمانِ مصطفیٰ ﷺ ذکر کریں؟

(6) آپ ﷺ کی ولادت کب ہوئی؟

(7) والدِ ماجد اور والدہ ماجدہ کی جانب سے آپ ﷺ کا نصب شریف تحریر کریں؟

(8) مکہ مکرمہ کے متعلق کچھ معلومات لکھیں؟

(9) آپ ﷺ کے والدِ محترم کے بارے میں کچھ معلومات تحریر کریں؟

(10) آپ ﷺ کی والدہ محترمہ کے متعلق کچھ معلومات تحریر کریں؟

# سبق نمبر:2

(1) آپ ﷺ کو بچپن میں حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے سپرد کیوں کیا گیا تھا؟

(2) عرب کے لوگ اپنے بچوں کو رضاعت کے لیے قبیلوں میں کیوں بھیجتے؟

(3) حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

(4) حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ کو کتنے سال دودھ پلایا؟

(5) بعض روایات کے مطابق حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ کتنی خواتین نے آپ ﷺ کو دودھ پلایا؟

(6) حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے شوہر کا نام اور آپ کی اولاد کے نام تحریر کریں؟

(7) بچپن میں آپ ﷺ کو گود میں کون کھلاتی اور لوریاں دیتی تھی؟

(8) آپ ﷺ کے بچپن شریف کے کچھ واقعات تحریر کریں؟

(9) آپ ﷺ کے بچپن کی کچھ پیاری ادائیں ذکر کریں؟

(10) حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا وجودِ مصطفیٰ ﷺ کے متعلق کیا ارشاد فرماتی ہیں؟

(11) قبیلہ بنو سعد میں آپ ﷺ کی قیام کی مدت اور واپسی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں، مختصر نوٹ لکھیں؟

(12) آپ ﷺ نے اپنی عمر کے ابتدائی حصہ میں کیا کلام فرمایا؟

# سبق نمبر:3

(1) کتنے سال کی عمر میں آپ ﷺ کی والدہ آپ ﷺ کو والد کے ننھیال سے ملانے لے گئی تھی، نیز اس سفر میں کون کون ان کے ساتھ تھیں؟

(2) آپ ﷺ کی والد کا وصال کب ہوا، نیز آپ کی تدفین کہاں ہوئی؟

(3) والدین کے وصال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کہاں ہوئی؟

(4) حضرت عبد المطلب کون تھے، نیز ان کا مختصر تعارف بیان کریں؟

(5) حضرت عبد المطلب کا وصال کب ہوا، نیز آپ کے وصال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کہاں ہوئی؟

(6) ابو طالب کا آپ ﷺ کے بچپن کے متعلق کیا کہنا ہے؟

(7) ابو طالب کا آپ ﷺ کے لڑکپن کے متعلق کیا کہنا ہے؟

(8) آپ ﷺ نے یمن کا سفر کب اور کس کے ساتھ کیا، نیز اس سفر میں جو واقعہ پیش آیا وہ مختصراً بیان کریں؟

(9) آپ ﷺ نے پہلا تجارتی سفر کب اور کس کے ساتھ کیا؟

(10) شہر بُصریٰ کے راہب بحیرا کا اصل نام کیا تھا، نیز اس نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر کیا اعلان کیا؟

(11) آپ ﷺ کے چند تجارتی سفروں کا تذکرہ کریں؟

(12) حلف الفضول والا واقعہ کم از کم 5 سطروں میں تحریر کریں، نیز اس کو حلف الفضول کہنے کی وجہ بیان کریں؟

# سبق نمبر:4,5

(1) آپ ﷺ کے دوسرے سفر شام کے متعلق خلاصۃً 6یا7سطر لکھیں؟

(2) آپ ﷺ سے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے متعلق خلاصۃً 6یا7سطر لکھیں؟

(3) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

(4) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا نسب کتنے واسطوں سے آپ ﷺ سے ملتا ہے؟

(5) کس وجہ سے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا دل آپ ﷺ سے نکاح کی طرف مائل ہوا؟

(6) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کتنے سال آپ ﷺ کی خدمت رہیں؟

(7) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا نکاح آپ ﷺ سے ہوا تو کس نے خطبہ پڑھا اور کتنا حق مہر مقرر ہوا؟

(8) تعمیر کعبہ کی ضرورت کیوں پیش آیا، نیز اس میں آپ ﷺ کا کردار بیان کریں؟

(9) حجر اسود کو نصب کرنے کے مرحلے کو کس طرح حل کیا گیا؟

(10) آپ ﷺ کے کردار کے متعلق خلاصۃً 6یا7سطر لکھیں؟

(11) آپ ﷺ غارِ حرا میں کیوں تشریف لے جاتے تھے، نیز کھانے پینے کا کس طرح اہتمام فرماتے؟

(12) تبلیغ اسلام کا پہلا، دوسرا اور تیسرا مرحلہ تفصیلاً بیان کریں؟

(13) وحی کے لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں؟

(14) پہلی وحی کہاں نازل ہوئی، اور اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

(15) "یا ایھا المدثر۔۔۔۔۔"اس آیت کا شان نزول بیان کریں؟ نیز ان آیات کا ترجمہ لکھیں اور اس حکم کے بعد آپ ﷺ نے کیا کہا؟

(16) غار حرا کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں کوئی 5 نقات لکھیں؟

(17) عورتوں میں سب سے پہلے کون ایمان لے کر آئیں؟

(18) آزاد مردوں میں سب سے پہلے کون ایمان لے کر آیا؟

(19) لڑکوں میں سب سے پہلے کون ایمان لے کر آیا؟

(20) آزاد کردہ غلاموں میں سب سے پہلے کون ایمان لے کر آیا؟

(21) غلاموں میں سب سے پہلے کون ایمان لے کر آیا؟

(22) "و انذر عشیرتک الاقربین" مذکورہ آیت کا ترجمہ لکھیں، نیز اس میں کس چیز کا حکم دیا گیا ہے؟

(23) کس آیت کے بعد آپ ﷺ نے اپنے خاندان (قریش) والوں کو دعوتِ اسلام دی؟

(24) آپ ﷺ نے صفا پہاڑی کی چوٹی پر چڑھ کر قریش والوں کو کیا ارشاد فرمایا؟

(25) اعلان نبوت کے چوتھے سال کونسی آیت نازل ہوئی، آیت مع ترجمہ لکھیں، نیز اس میں کس چیز کا حکم دیا گیا ہے؟

(26) اعلان نبوت کے تیسرے سال کونسی آیت نازل ہوئی؟

(27) صفا پہاڑی کی چوٹی پر کس شخص نے آپ ﷺ کی شان میں بدزبانی کی اور وہ رشتے میں کیا لگتا تھا؟

(28) آپ ﷺ کے علاوہ کس نے کون سے مہینے میں عبادت کی غار حرا میں؟

# سبق نمبر:6,7

(1) کافروں کے آپ ﷺ پر ظلم و ستم کے جاں سوز واقعات ذکر کریں؟

(2) کافروں کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر ظلم و ستم کے جاں سوز واقعات بیان کریں؟

(3) اسلام کی پہلی شہیدہ ہونے کا اعزاز کس کو حاصل ہے؟

(4) ہجرات اولیٰ کسے کہتے ہیں؟

(5) ہجرت اولیٰ کا دوسرا نام کیا ہے؟

(6) حضرت بلال رضی اللہ عنہ پر کفار کس طرح ظلم و ستم کرتے تھے؟

(7) حضرت خباب رضی اللہ عنہ پر کفار کس طرح ظلم و ستم کرتے تھے؟

(8) حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر کفار کس طرح ظلم و ستم کرتے تھے؟

(9) عام الحزن کا کیا معنی ہے، نیز آپ ﷺ نے کس سال کو عام الحزن قرار دیا اور کیوں دیا؟

(10) شعب ابی طالب کا محاصرہ تفصیلاً بیان کریں؟

(11) کس نے حرم کعبہ میں آپ ﷺ پر ظلم کیے تھے؟

(12) حرم کعبہ میں کافر نے جب آپ ﷺ کی مبارک پیٹھ پر بچہ دان رکھا تو کس نے ہٹایا تھا؟

(13) حبشہ کے بادشاہ کا نام کیا تھا اور وہ کس دین پر تھا؟

(14) بعد میں حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں کی تعداد کتنی ہو گئی تھی؟

(15) شعب ابی طالب کے معاصرے کے معائدہ کو کس نے لکھا اور کہاں رکھا گیا؟

(16) معاہدے کو دیمک کھا گئی یہ خبر کس نے دی؟

# سبق نمبر:8

(1) آپ ﷺ کے سفر طائف کے واقعات بیان کریں؟

(2) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سوال کرنے پر آپ ﷺ نے کس دن کو جنگ احد کے دن سے بھی زیادہ سخت قرار دیا؟

(3) حضرت جبریل نے جب آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی کہ پہاڑوں کا فرشتہ حاضر ہے تو آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

(4) آپ ﷺ پر سب سے سخت دن کون سا گزرا مکمل واقعہ بیان کریں؟

(5) مقامِ نخلہ پر جنات کے قبول اسلام کا واقعہ ذکر کریں؟

(6) مدینہ شریف کا نام مدینہ کب ہوا؟

(7) مدینہ شریف میں اسلام کی روشنی کیسے پھیلی؟

(8) بیعت عقبہ اولیٰ کسے کہتے ہیں؟

(9) بیعت عقبہ ثانی کسے کہتے ہیں؟

(10) ہجرت مدینہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں کم از کم 4 سطر میں بیان کریں؟

(11) دارُ الندوہ میں کافروں کے مشورہ کی وجہ بیان کریں، نیز اس مشورہ میں کس کی تجویز پر سب کا اتفاق ہوا اور وہ تجاوز کیا تھی؟

(12) ہجرت مصطفی والا واقعہ بیان کریں؟

(13) طائف کے بارے میں معلومات لکھیں؟

(14) طائف جا کر سب سے پہلے اسلام کی دعوت کس نے دی اور انہوں نے کیا کیا؟

(15) طائف کی کیا چیز مشہور ہے؟

(16) مدینہ شریف کے بارے میں معلومات لکھیں؟

(17) آپ ﷺ نے اپنی ظاہری حیات مدینہ شریف میں کتنے سال گزارے؟

(18) پہلی بار قبیلہ خزرج کے کتنے افراد نے اسلام قبول کیا؟

(19) بیعت عقبہ اور ثانیہ میں کتنے افراد ایمان لے کر آئے؟

(20) قبیلہ اوس کے سردار کا نام کیا تھا جو بعد میں اسلام لے کر آگئے تھے؟

# سبق نمبر:9

(1) مسجد قباء مدینے سے کتنے فاصلے پر ہے؟

(2) مقام قباء پر آپ ﷺ کب تشریف لائے، نیز سب سے پہلے کونسے قبیلے کو اپنی میزبانی کا شرف بخشا، نیز آپ ﷺ نے کس کے یہاں قیام فرمایا؟

(3) آپ ﷺ نے قباء شریف میں سب سے پہلا کیا کام کیا؟

(4) آپ ﷺ نے پہلا جمعہ کہاں ادا فرمایا؟

(5) مدینہ شریف میں آپ ﷺ نے کن صحابی کے یہاں قیام فرمایا مکمل وضاحت کریں؟

(6) مسجد نبوی کی تعمیر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں کم از کم 7 سطروں میں بیان کریں؟

(7) آپ ﷺ نے مہاجرین وانصار کے درمیان رشتہ اخوت کس طرح قائم فرمایا؟

(8) قبلہ کی تبدیلی یا تحویل قبلہ کسے کہتے ہیں؟

(9) مسلمان جب ہجرت کر کے مدینہ آئے تو کافروں نے کیا سازشیں کیں اور مسلمانوں نے کیا اقدامات اُٹھائے؟

(10) غزوہ بدر کسے کہتے ہے، اور اس کو بدر کہنے کی وجہ کیا ہے؟

(11) غزوہ بدر کے اسباب ذکر کریں؟

(12) جنگ بدر میں کون کہا مرے گا اس کے متعلق آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

(13) غزوہ بدر کہاں پیش آیا؟

(14) جنگ بدر میں کافروں کے کون کون سے بڑے سردار ہلاک ہو کر واصل جہنم ہوئے، نیز اس جنگ میں کفار کے کتنے آدمی قتل ہوئے؟

(15) جنگ بدر میں شریک ہونے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے شرف و مرتبے کے بارے میں فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیان کریں؟

(16) غزوہ احد کا معرکہ کب پیش آیا، نیز اس میں کافروں کی تعداد کتنی تھی اور مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

(17) غزوہ احد میں کتنے کافر مارے گئے؟

(18) غزوہ احد کے کچھ واقعات بیان کریں؟

(19) غزوہ احد کا سبب کیا ہوا؟

(20) غزوہ احد والا واقعہ تفصیلاً بیان کریں؟

(21) واقعہ رجیع کب پیش آیا یہ واقعہ بیان کریں؟

(22) وقعہ بئر معونہ کب پیش آیا یہ واقعہ بیان کریں؟

(23) غزوہ بنو مصطلق اور واقعہ افک بیان کریں؟

(24) غزوہ خندق کا واقعہ کب پیش آیا، نیز غزوہ کا سبب کیا ہوا او اس کا دوسرا نام مع وجہ ذکر کریں؟

(25) غزوہ خندق میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی اور کافروں کی تعداد کتنی تھی؟

(26) خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا مختصراً بیان کریں؟

(27) خندق کتنے دن میں تیار ہوئی نیز اس کی لمبائی، چوڑائی اور گہرائی بیان کریں؟

(28) غزوہ خندق کا واقعہ تفصیلاً بیان کریں؟

(29) غزوہ بنی قریظہ کا سبب کیا بنا یہ واقعہ بیان کریں؟

(30) ہجرت کے کونسے سال آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے عمرہ کا احرام باندھا اور آپ کے ساتھ کتنے صحابہ کرام تھے، نیز کفار نے اس موقع پر کیا کیا؟

(31) کس مقام پر پانی کی کمی ہوئی اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اپنے معجزے سے سیر اب کیا؟

(32) بیعت رضوان کیا ہے مکمل بیان کریں؟

(33) صلح حدیبیہ کے معاہدے کی شرائط بیان کریں؟

(34) صلح حدیبیہ کا قرآن کریم میں کس نام سے ذکر ہے؟

# سبق نمبر:10

(1) سلاطین کے نام اور دعوت اسلام کا خلاصہ بیان کریں؟

(2) غزوہ خیبر اور اس کے اسباب ذکر کریں؟

(3) خیبر کے سب سے بڑے قلعے کا کیا نام تھا اور اُسے کس نے فتح کیا؟

(4) خیبر میں ہونے والے معرکوں میں قتل ہونے والے یہودی کتنے تھے اور کتنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہید ہوئے؟

(5) عمرۃ القضاء سے کیا مراد ہے مکمل تفصیلاً واقعہ ذکر کریں؟

(6) غزوہ موتہ میں کفار کی کتنی تعداد تھی؟

(7) حضرت زید رضی اللہ عنہ نے اپنی ساتھیوں سے کس چیز کی مشاورت کی، نیز میں حضرت عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے کیا ارشاد فرمایا؟

(8) غزوہ موتہ کے اسباب ذکر کریں؟

(9) غزوہ موتہ میں شہید ہونے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعداد بیان کریں، نیز کوئی تین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نام بھی ذکر کریں؟

(10) فتح مکہ کے اسباب ذکر کریں؟

(11) فتح مکہ کب ہوئی مختصر فتح مکہ کا واقعہ ذکر کریں؟

(12) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے بعد کافروں کے ساتھ کیا برتاؤ کیا؟

(13) غزوہ حنین مختصراً ذکر کریں کم از کم 10 سطر؟

(14) غزوہ تبوک مختصراً ذکر کریں؟

(15) کس غزوہ میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے گھر کا پورا سامان لشکر کے لیے پیش کیا؟

(16) غزوہ تبوک کا دوسرا نام کیا ہے؟

(17) صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا بطور امیر حج بیان کریں؟

(18) کس ہجری کو وفود کا سال کہا جاتا ہے نیز وفد کسے کہتے ہیں؟

(19) فتح مکہ کے بعد کثرت سے وفود آنے کی وجہ ذکر کریں، نیز 3 وفود کے نام ذکر کریں اور ان کی مختصراً تفصیل بھی ذکر کریں؟

(20) حجۃ الوداع کس سال کو کہتے ہے نیز الوداعی خطبہ میں سے چند ارشادات بیان کریں؟

(21) حجۃ الوداع کے موقع پر کتنے افراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد جمع تھے نیز جس اونٹنی پر خطبہ ارشاد فرمایا اس کا نام ذکر کریں؟

(22) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا سے کب رحلت فرمائی؟

(23) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضِ وفات مختصراً ذکر کریں؟

(24) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جسم منور کو کس نے قبرِ منور میں اتارا؟

(25) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ کی کس نے امامت فرمائی؟

(26) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تدفین کے متعلق حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کیا فرماتے ہیں؟

# سبق نمبر:11

(1) آپ ﷺ کا حلیہ مبارک بیان کریں؟

(2) آپ ﷺ کی پسندیدہ غذائیں بیان کریں؟

(3) آپ ﷺ کا پسندیدہ لباس بیان کریں؟

(4) آپ ﷺ کی مبارک سواریاں ذکر کریں؟

(5) آپ ﷺ کا اخلاقِ مبارکہ اور عاداتِ مبارکہ ذکر کریں؟

(6) آپ ﷺ کے فضائل وخصائص کوئی 10 ذکر کریں؟

(7) کوئی 5 قرآنی آیت مع ترجمہ شان مصطفی ذکر کریں؟

(8) آپ ﷺ کے رضاعی والد کا نام بیان کریں؟

(9) آپ ﷺ کے رضاعی بھائیوں کے نام ذکر کریں؟

(10) آپ ﷺ کی رضاعی بہنوں کے نام ذکر کریں؟

(11) امہات المؤمنین کے نام ذکر کریں؟

(12) اولاد اطہار کے نام ذکر کریں؟

(13) آپ ﷺ کے عمومی استعمال کی بعض چیزیں ذکر کریں؟

(14) چند مبارک سواریاں ذکر کریں؟